# جسمانی پابندی، ٹائم آؤٹ، اور علیحدہ کردہ ٹائم آؤٹ کے حوالے سے حقوق کا بل

**حقوق کا بل والدین اور سرپرستگان کو ان تقاضوں اور حقوق کا جائزہ فراہم کرتا ہے، جو جسمانی پابندی، ٹائم آؤٹ، اور علیحدہ کردہ ٹائم آؤٹ سے متعلق ہوتے ہیں (RTO)۔ RTO کا استعمال بطور آخری حل اور صرف اس وقت کیا جانا چاہیئے جب**
**سنگین جسمانی نقصان پہنچنے کا خطرہ لاحق ہو۔ اس گائیڈ میں پیش کردہ معلومات بحیثیت جامع مرتب کردہ نہیں ہیں اور اس میں تمام قوانین کی مکمل وضاحت موجود نہیں ہے۔ تاہم، والدین اور سرپرستگان کو کم از کم، اس سلسلے میں اپنے حقوق سے آگاہ ہونا چاہیئے کہ اپنے بچے کے تحفظ اور فلاح کو یقینی بنانے کے لیے RTO کا استعمال کس وقت کیا جاتا ہے۔**

## اصطلاحات جن کا جاننا ضروری ہے

- **کیمیکل پابندی:** کسی طالب علم/طالبہ کے رویے کو کنٹرول کرنے یا کسی طالب علم/طالبہ کی نقل حرکت کو پابند کے لیے کسی دوا کا استعمال کرنا۔*
- **فوری خطرہ:** کوئی ایسی صورتِ حال جس کے اندر کسی طالب علم، طالبہ، یا کسی دوسرے شخص کے تحفظ اور فلاح کو خطرہ لاحق ہو اور اسے ممکنہ طور پر فوری جسمانی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔
- **علیحدہ کردہ ٹائم آؤٹ:** کلاس روم کے باہر ٹائم آؤٹ روم یا بند جگہ پر کسی بڑے کی نگرانی کے بغیر کسی طالب علم/طالبہ کو تنہا ٹائم آؤٹ روم یا دوسری کسی بند جگہ پر بنا مرضی بند کرنا۔
- **مکینیکل پابندی:** کسی ایسی ڈیوائس یا آلے کا استعمال جو طالب علم/طالبہ کی نقل و حرکت کو محدود کرتا یا روک دیتا ہو۔*
- **جسمانی پابندی:** کسی طالب علم/طالبہ کی نقل و حرکت کو روک دینا یا اس پر پابندی لگا دینا۔
- **منہ کے بل جھکنے کی پابندی:** ایسی جسمانی پابندی جس میں طالب علم/طالبہ کے چہرے کا رُخ زمین کی جانب کیا جاتا ہے اور اس کے جسم پر جسمانی دباؤ ڈالا جاتا ہے تاکہ وہ حرکت نہ کر سکے۔*
- **ٹائم آؤٹ:** اسکول کے اوقات کے ایک حصے میں یا غیر مقفل ترتیب کے اندر مختصر وقت کے لیے کسی تربیت یافتہ بالغ فرد کے ساتھ کمرے میں طالب علم/طالبہ کی ہم جماعتوں سے بنا مرضی زیرِ نگرانی علیحدگی۔

## RTO معیارات

### RTO کا استعمال اس صورت میں قطعاً نہ کیا جائے جب:

- ✓ آپ کے بچے/کی بچی کو صحت کے خدشات ہوں اور RTO کے استعمال سے آپ کے بچے/بچی کو نقصان پہنچ سکتا ہو۔
- ✓ آپ کے بچے/کی بچی نے ہدایات پر عمل نہ کیا ہو۔
- ✓ آپ کا بچہ/کی بچی بدکلام یا بدتمیز رہا/رہی ہو۔
- ✓ آپ کے بچے/کی بچی نے گالم گلوچ کی ہو۔
- ✓ آپ کے بچے/کی بچی نے املاک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہو۔
- ✓ اسکول کا عملہ آپ کے

### RTO اس وقت لازماً ترک کیا جائے جب:

- ✓ آپ کا بچہ/کی بچی پُرسکون ہو جائے اور اس کا خود کو یا دوسروں کو سنگین جسمانی نقصان پہنچانے کا خطرہ مزید باقی نہ رہے۔
- ✓ آپ کا بچہ/کی بچی یہ کہے کہ وہ سانس نہیں لے پا رہا/رہی/رہے۔
- ✓ عملے کو یہ اندازہ ہو جائے کہ آپ کے بچے/کی بچی کو سانس لینے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

### RTO کا استعمال اس وقت کیا جا سکتا ہے کہ جب:

- ✓ آپ کے بچے/کی بچی کے رویے کے باعث خود اس کو یا دوسروں کو سنگین جسمانی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔
- ✓ RTO کے استعمال سے قبل اسکول نے آپ کے بچے/کی بچی کو دوسرے طریقوں سے پُرسکون کرنے کی کوشش کی ہو۔
- ✓ آپ کے بچے/کی بچی کی صحت کے حوالے سے ایسی کوئی معلوم وجوہات نہ پائی جاتی ہوں جن کے تحت RTO کا استعمال درست نہ ہو۔
- ✓ RTO کا نفاذ کرنے اور اس کی نگرانی کرنے والے ارکانِ عملہ تربیت یافتہ اور مستند ہوں۔

*الینوائے کے سرکاری و غیر سرکاری اسکولوں میں اس کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

Illinois State Board of Education

isbe.net

جولائی 2022

## ٹائم آؤٹ یا علیحدہ کردہ ٹائم آؤٹ میں رکھنے کے دوران طالب علم/طالبہ کے حقوق

- کمرہ تمام تر قانونی حفاظتی تقاضوں کے مطابق ہونا چاہیئے۔ دروازہ مقفل نہ کیا جائے، نہ ہی فرنیچر یا دیگر اشیاء کے باعث دروازے کے راستے میں ممکنہ رکاوٹ ہو۔
- ٹائم آؤٹ کے دوران، طالب علم/طالبہ کے ساتھ کمرے میں ایک بالغ فرد موجود ہو۔
- طالب علم/طالب کو صرف اس صورت میں علیحدہ کردہ ٹائم آؤٹ میں رکھا جا سکتا ہے جب نگران بالغ فرد کو طالب علم/طالبہ کی جانب سے سنگین جسمانی نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو۔ بالغ فرد کمرے سے باہر رہے گا/گی۔
- ٹائم آؤٹ یا علیحدہ کردہ ٹائم آؤٹ میں رہتے ہوئے، طالب علم/طالبہ کو باتھ روم جانے یا باقاعدگی سے مقررہ کردہ دوا لینے کی اجازت ہونی چاہیئے۔
- اگر ٹائم آؤٹ یا علیحدہ کردہ ٹائم آؤٹ دوپہر کے کھانے یا روزمرہ طے شدہ اسنیکس کے دوران واقع ہو، تو طالب علم/طالبہ کو کھانا یا مشروب پیش کیا جانا چاہیئے۔
- ملبوساتی اشیاء جگہ پر ہوں۔ اشیاء صرف خود کو زخمی کرنے یا دوسروں کو زخمی کرنے کا خطرہ ہونے کی صورت میں ہٹائی جا سکتی ہیں۔
- عملے کو کبھی بھی طالب علم/طالب کو تنہا نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے انہیں طالب علم/طالبہ پر مسلسل نظر رکھنی چاہیئے کہ طالب علم/طالبہ پُرسکون ہو گیا/گئی ہے اور وہ کلاس میں واپس جا سکتا/سکتی ہے۔

## RTO واقعے کے بعد والد/والدہ/سرپرست کے حقوق کا بل

1

**اطلاع**

اسکول کو یہ کوشش کرنی چاہیئے کہ آپ کو اسی دن اطلاع دے جس دن RTO واقعہ ہوا ہو۔

2

**تحریری وضاحت**

**ایک دن** کے اندر، (ماسوائے اس صورت کے، کہ اگلے دن ہفتہ وار تعطیل ہو یا کوئی چھٹی ہو)، آپ کو واقعے کی تحریری وضاحت موصول ہونی چاہیئے۔

3

**ملاقات کا حق**

**دو دن** کے اندر، (ماسوائے اس صورت کے، کہ اگلے دن ہفتہ وار تعطیل ہو یا کوئی چھٹی ہو)، آپ کو ملاقات طے کرنے کے حق کے حوالے سے اطلاع موصول ہو جانی چاہیئے۔ آپ کی جانب سے درخواست کیے جانے کے دو دن بعد ملاقات کا اہتمام کیا جانا چاہیئے۔ آپ بالمشافہ، بذریعہ ٹیلی فون، یا ورچوئل طور پر ملاقات کر سکتے/سکتی ہیں۔

4

**ملاقات**

ملاقات کے دوران، ہر شخص کو اس حوالے سے بات کرنی چاہیئے کہ ہوا کیا تھا اور اس سے ہٹ کر کیا کِیا جا سکتا تھا۔ آپ سوالات پوچھ سکتے/سکتی ہیں، تجاویز دے سکتے/سکتی ہیں، نیز اس حوالے سے اپنے خیالات کا اشتراک کر سکتے/سکتی ہیں کہ آپ کے بچے/کی بچی کے لیے بہترین حکمت عملی کیا ہے۔ مقصد مستقبل میں RTO کے واقعات کا تدارک کرنا ہے۔

5

**ملاقات کے نوٹس**

آپ کو ملاقات کے نوٹس کی ایک نقل لازماً فراہم کی جائے۔

## شکایت درج کروانے کا طریقہ کار

اگر آپ کو لگے کہ RTO کے نفاذ کے دوران آپ کے بچے/کی بچی کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے، تو آپ RTO اسٹیٹ شکایت درج کروا سکتے/سکتی ہیں۔ RTO واقعے کے ایک سال کے اندر شکایت درج کروانا لازم ہے۔ شکایت درج کروانے پر کوئی خرچ نہیں آتا، نہ ہی آپ کو کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہے۔ شکایت درج کروانے یا معاونت کی درخواست کرنے کے لیے، آپ ریاست الینوائے کے تعلیمی بورڈ سے 217-785-5585 پر یا restrainttimeout@isbe.net پر ای میل بھیج کر رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

RTO کے استعمال، بشمول ضوابط کے لنکس اور دیگر رہنمائی سے متعلق اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم ISBE کا RTO ویب صفحہ ملاحظہ فرمائیں یا QR کوڈ اسکین کریں۔